DIRECTORATE
OF PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

**اہم قومی ومقامی خبریں          مورخہ 02-10-2022**

| خبریں | اخبارات |
|---|---|
| 1۔سیلاب کے نقصانات کا تخمینہ لگانے کا کام جلد از جلد مکمل کیا جائے، وزیر اعظم | جنگ ودیگر اخبارات |
| 2۔محدود وسائل کے باوجود متاثرین کی امداد و بحالی کیلئے سرگرم ہیں، وزیر اعلیٰ | سینچری ودیگر اخبارات |
| 3۔بچوں کو مہلک بیماریوں سے محفوظ رکھنے کیلئے حفاظتی ٹیکوں کا کورس ناگزیر ہے، گورنر | جنگ ودیگر اخبارات |
| 4۔مشیر داخلہ نے منشیات فروشوں کیخلاف بھرپور کریک ڈاؤن کی ہدایت کردی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 5۔پارٹی کو فعال بنانے کیلئے یونٹ سازی شروع کردی ہے، مبین خلجی | مشرق ودیگر اخبارات |
| 6۔ملک دشمن عناصر اپنے ایجنڈے میں کامیاب نہیں ہونگے، وزیر تعلیم | جنگ ودیگر اخبارات |
| 7۔پاک چین شراکت داری ترقی کی بلندیوں تک جائے گا، شازین بگٹی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 8۔ہزارہ قوم نے ملکی ترقی فروغ تعلیم اور دہشت گردی کیخلاف بڑی قربانیاں دیں، عبدالخالق ہزارہ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 9۔سی پیک کے تحت بنجر زمینوں میں پھلوں اور مختلف اقسام کے درختوں کی کاشت | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10۔نوجوانوں اور خواتین کو روزگار کیلئے بلاسود قرضے دین گے، فرح عظیم | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11۔لیویز کو جدید خطوط پر استوار کیا جارہا ہے، ڈائریکٹر جنرل | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12۔قبائلی عمائدین کے مسائل فوری حل کئے جائیں گے، آئی جی ایف سی نارتھ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13۔بلوچستان سیلاب متاثرہ علاقوں میں وبائی امراض کے 8401 کیس رپورٹ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14۔بارشوں اور سیلاب سے 13 کلومیٹر سڑکین تباہ 410 پلوں کو نقصان پہنچا، نیشنل فلڈ سینٹر | مشرق ودیگر اخبارات |
| 15۔سیلاب متاثرین کو راشن کے پیکٹ پانی اور خوردنی اشیا سمیت تیار کھانے فراہم | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16۔بلوچستان میں مختلف بیماریوں کے مزید 8401 کیسز رپورٹ | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 17۔ریکوڈک اور سیندک سے مستقبل وابستہ ہر فورم پر بھرپور دفاع کریں گے، ڈاکٹر مالک | مشرق ودیگر اخبارات |
| 18۔عقل سے عاری سیاسی قوتیں انتہا پسندوں سے قربت کے چکر میں ہیں، اے این پی | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان

کراچی میں آپریشن کوئٹہ دھماکے کے ماسٹر مائنڈ داعش کے 2 دہشتگرد ہلاک، کلی پائندخان سٹریٹ کرائمز میں ملوث دو ملزمان گرفتار، ڈھاڈر پولیس کی کارروائی تین روپوش ملزمان گرفتار، نوحصار کے پہاڑوں سے دو افراد کی لاشیں برآمد کلی میں ایک جاں بحق،

## عوامی مسائل

بلوچستان سمیت ملک کے کچھ حصوں میں غذائی تحفظ کی صورتحال بدتر ہونے کا اندیشہ، تنخواہوں کی عدم ادائیگی ریلوے ملازمین کا ملک گیر احتجاج کا اعلان

شمشان گھاٹ میں باقیات کی بے حرمتی ہندو برادری قلات سراپا احتجاج

DIRECTORATE
OF PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 02-10-2022

**اداریہ**

روزنامہ 92 نیوز کوئٹہ نے "**کوھلو میں ڈایو ائس بم دھماکہ**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ کوہلو میں دھماکے کے نتیجے میں دو افراد جاں بحق اور 20 زخمی ہوئے جبکہ مردان میں خودکش حملہ آور ہدف پر پہنچنے سے قبل ہی دھماکہ سے ہلاک ہوگیا پاکستان انسٹی ٹیوٹ فار کنفلکٹ سٹڈیز کے اعداد وشمار کے مطابق 2021ء میں گزشتہ برس کے مقابلے میں دہشت گردی کے واقعات میں 56 فیصد اضافہ ہوا تھا جو 2020 سے مسلسل بڑھ رہی ہے دفاعی تجزیہ کاروں کے مطابق پاکستان میں فوجی آپریشنز کے دوران افغانستان فرار ہونے والے دہشت گرد طالبان کے افغانستان میں اقتدار میں آنے کے بعد واپس آرہے ہیں یہی وجہ ہے کہ ملک دہشت گردی میں اضافہ ہورہا ہے طالبان کی اپنے علاقوں میں رٹ کمزور ہونے کی وجہ سے شدت پسند ناصرف پاکستان بلکہ افغانستان میں بھی حملے کررہے ہیں پاک افغان سرحدی باڑ پر سرحد پار سے حملے معمول بن چکے ہیں اس کے علاوہ پاکستان کی سلامتی کے دشمن سرحد کو سرگرم رکھنے کے ساتھ بلوچ شدت پسندوں کو بھی مالی اور عسکری کمک مہیا کررہے ہیں کوہلو میں ڈائیوس حملہ اسی سلسلہ کی کڑی اور ثبوت ہے کہ بلوچستان میں دہشت گردوں کو غیر ملکی مدد حاصل ہے بہتر ہوگا حکومت طالبان حکومت کے ساتھ سرحدوں کی حفاظت کیلئے مشترکہ نگرانی کالائحہ عمل مرتب کرنے کے ساتھ بلوچستان میں غیر ملکی مداخلت کے خاتمے کیلئے موثر اقدامات کرے تاکہ سیلاب سے تباہ بلوچ عوام کو دہشت گردوں کے انتقام سے محفوظ رکھا جاسکے۔

**اداریہ**

روزنامہ بلوچستان ایکسپریس نے "Priority of addict is to anaesthetize tha plan of living" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

برائے **ڈائریکٹر جنرل**
**نظامت تعلقات عامہ بلوچستان**

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily Century Express Quetta

Bullet No. 1    Dated: 02 OCT 2022    Page No. 1

# محدود وسائل کے باوجود متاثرین کی امداد و بحالی کیلئے سرگرم ہیں، وزیراعلیٰ

## قوموں پر مشکلات اور آزمائشیں آتی رہتی ہیں، پی ڈی ایم اے اور انتظامیہ بھرپور انداز سے امدادی کارروائیاں کر رہی ہے

## کسی سے امتیازی سلوک نہیں کیا جائیگا، کھاد اور زرعی بیجوں پر کسانوں کو سبسڈی دی جائیگی، زمیندار ایکشن کمیٹی کے وفد سے ملاقات

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو سے بلوچستان زمیندار ایکشن کمیٹی کے وفد کی ملاقات۔ صوبائی وزیر زراعت میر اسد اللہ بلوچ، چیئرمین زمیندار ایکشن کمیٹی ملک نصیر احمد شاہوانی اور اراکین صوبائی اسمبلی کی بھی شرکت۔ وفد کی جانب سے (باقی صفحہ 5 نمبر 10)

وزیراعلیٰ کو سیلابی بارشوں سے ہونے والے نقصانات پر بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ ایک اندازے کے مطابق سیلابی بارشوں سے صوبے کو 300 ارب روپے سے زائد کا نقصان ہوا ہے۔ زرعی شعبہ کو پہنچنے والا نقصان بہت زیادہ ہے۔ زمینداروں کے نقصانات کے ازالے کے لئے فوری اقدامات کی ضرورت ہے۔ ہر کسان کو بیجوں کی بوائی کے لیے 500 گھنٹے ڈوزر اور 250 گھنٹے ٹریکٹر کی ضرورت ہے۔ زرعی بیجوں اور کھادوں پر کسانوں کو سبسڈی فراہمی ضروری ہے۔ نقصانات کے ازالے کے سروے میں زمینداروں کی نمائندگی بھی ہونی چاہیے۔ متاثرہ علاقوں میں وفاقی حکومت سے زمینداروں کے بجلی کے بل معاف کرنے چاہیے۔ زمینداروں کے مالی مسائل کے حل کے لیے ہمسایہ ممالک سے اجناس کی درآمد کو روکا جائے۔ ملاقات میں قبائل کی زمینوں کی سیٹلمنٹ سے متعلق سپریم کورٹ میں دائر کردہ کیس پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ قوموں پر مشکلات اور آزمائشیں میں آتی رہتی ہیں۔ ہم نے صرف متاثرین کی امداد ہی نہیں بلکہ بحالی بھی کرنی ہے۔ حکومت محدود وسائل کے باوجود متاثرین کی امداد اور بحالی میں سرگرم عمل ہے۔ پی ڈی ایم اے اور انتظامیہ متاثرہ علاقوں میں بھرپور انداز سے امدادی کارروائیاں کر رہی ہے۔ نصیر آباد ڈویژن سے شکایت آنے پر وہاں کی انتظامیہ کو تبدیل کیا گیا۔ ہم وفاق میں سیلاب متاثرین کی امداد و بحالی کے لئے مضبوط موقف اپنائیں گے۔ حکومت زمینداروں کے نقصانات کا ازالہ کریگی۔ انہوں نے کہا کہ امداد اور بحالی کے کاموں میں کسی کے ساتھ کوئی امتیازی سلوک نہیں کیا جائے گا۔ صوبائی حکومت کھاد اور زرعی بیجوں پر کسانوں کو سبسڈی فراہم کرے گی۔ زرعی قرضے کے لیے وفاقی حکومت سے بات چیت کی جائے گی۔ کسان ہماری معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں۔ زمینداروں کے تمام مطالبات حل کیے جائیں گے۔ اگر وفاقی حکومت زمینداروں کے بجلی کے بلوں میں تعاون نہیں کرتی گی تو صوبائی حکومت خود سے کریگی۔ ملاقات میں قبائل کے زمینوں کی سیٹلمنٹ سے متعلق سپریم کورٹ میں دائر کردہ کیس پر مشاورت کا فیصلہ۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 Dated: 02 OCT 2022 Page No. 3


وزیراعظم شہباز شریف

# سیلاب کے نقصانات کا تخمینہ لگانے کا کام جلد از جلد مکمل کیا جائے

## سیلاب زدگان کو امدادی اشیا اور اشیائے خورونوش کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنانے کیلئے صوبائی حکومتوں سے تعاون کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (نمائندہ جنگ) وزیراعظم شہباز شریف نے ہدایت کی ہے کہ سیلاب نقصانات کا تخمینہ لگانے کا کام جلد از جلد مکمل کیا جائے جبکہ انہوں نے سیلاب زدگان کو امدادی اشیا اور اشیائے خورونوش کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنانے کیلئے صوبائی حکومتوں سے تعاون کرنے کی ہدایت بھی دی، وزیراعظم نے یہ ہدایت گزشتہ روز سیلاب زدگان کے لئے امدادی کارروائیوں پر بلائے گئے جائزہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے دی۔ وزیراعظم نے سیلاب زدگان کو امدادی اشیا اور اشیائے خورونوش کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنانے اور ان اشیاء ضروریہ کی فراہمی کے لیے صوبائی حکومتوں سے خصوصی تعاون کرنے کی ہدایت کی تاکہ امدادی کارروائیوں میں درپیش مسائل کو موثر طریقے سے حل کیا جا سکے۔ وزیراعظم نے سیلاب کے تناظر میں اشیاء خوردونوش کی قیمتوں میں اضافے کا نوٹس لیتے ہوئے اشیائے خورونوش کی قیمتوں کے تعین میں درپیش مسائل کو جلد از جلد حل کرنے کی ہدایت کی۔ سیلاب زدگان میں امدادی اشیا اور امدادی رقوم کی ادائیگی میں کسی بھی قسم کی کٹوتی کی شکایات کی روک تھام کے لیے خصوصی اقدامات کرنے کی ہدایت کی گئی، اجلاس میں نیشنل فلڈ رسپانس کوآرڈینیشن سینٹر کے حکام کی جانب سے ملک بھر میں سیلاب زدہ علاقوں میں بحالی کے کاموں پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ قبل ازیں چین کے قومی دن کے موقع پر اپنے ایک ٹویٹ میں وزیراعظم شہباز شریف نے چین کے صدر شی جن پنگ، وزیراعظم لی کیانگ اور چین کے عوام کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ پرامن طور پر چین کا دنیا کی دوسری بڑی معیشت بننا اور عالمی سطح پر طاقت کا حصول تیزی سے بدلتی ہوئی دنیا میں استحکام کا ایک ذریعہ ہے، وزیراعظم نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلیوں، مالیاتی، غذائی اور توانائی کے مسائل کا سامنا کرنے والے ترقی پذیر ممالک کیلئے چین امید کی کرن ہے۔ انہوں نے کہا کہ انہوں نے کہا کہ چین بین الریاستی تعلقات میں تصادم کی بجائے تعاون کو ترجیح دیتا اور مشترکہ مستقبل کے کمیونٹی کی تشکیل کیلئے حکمرانی کے حصول پر عمل پیرا ہے۔ وزیراعظم نے مزید کہا کہ میں ذاتی طور پر چین کے کام کے طریقہ کار اور قومی اصولوں کو انتہائی قریب سے جانتا ہوں۔ انہوں نے قوم پر زور دیا کہ اپنی قومی زندگی میں کام، کام اور کام سے ہی ہم موجودہ بحرانوں سے نکل سکتے ہیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3 Dated: 02 OCT 2022 Page No. 7


## شہدا اا کتوبر کی برسیاں منانے کیلئے تیاریاں شروع کی جائیں، پشتونخوامیپ

[illegible]

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کی صوبائی ایگزیکٹوز کا اجلاس صوبائی صدر عبدالقہار خان ودان کی صدارت میں تیسرے روز بھی جاری رہا۔ جس میں تنظیمی امور سمیت مختلف نکات اور موجودہ سیاسی صورتحال کا تفصیل سے جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے جاری کردہ بیان میں جنوبی پشتونخوا کے تمام اضلاع کو تاکید کی گئی ہے کہ وہ 17 اکتوبر 1983 اور 11 اکتوبر 1991 کے شہدا کی برسیاں منانے اور شہدا کو خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے اس دن کو مشترکہ طور پر منانے کیلئے فوری طور پر تیاریاں شروع کریں۔ اور ضلعوں سمیت علاقائی وابتدائی یونٹوں کے اجلاسوں کے انعقاد کو ہر حالت میں ممکن بنا کر اس دن کے حوالے سے ہونیوالے پروگراموں میں عوام اور کارکنوں کی شرکت یقینی بنانے کیلئے اپنی ذمہ داریوں کو بروقت پورا کریں۔ بیان میں کوئٹہ یونیورسٹی کے سامنے طلبا تنظیم اتحاد کے زیر اہتمام پرامن احتجاجی طلبا پر شیلنگ اور لاٹھی چارج کی مذمت کرتے ہوئے کہا گیا کہ مذاکرات کے دوران طلباء پر بلا جواز لاٹھی چارج اور شیلنگ کرکے انہیں زخمی وگرفتار کرنے کے ناروا اقدام کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔ بیان میں زخمی طلباء کا سرکاری سطح پر فوری علاج کرانے، اس حملے میں ملوث اہلکاروں کیخلاف تادیبی کارروائی کرنے اور طلباء کے جائز مطالبات کو فوری طور پر تسلیم کرنے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ بیان میں پارٹی کارکنوں کو ہدایت کی گئی کہ وہ سوشل میڈیا کے پلیٹ فارم پر پارٹی امور کے متعلق کسی قسم کا مواد اپلوڈ کرنے، بحث کرنے اور کسی بھی قسم کی رائے زنی سے اجتناب کریں اور کارکنوں کی طرف سے سوشل میڈیا پر مسلسل رائے زنی پارٹی آئین اور نظم وضبط کے خلاف اور قابل گرفت عمل ہے۔ اجلاس پیر 3 اکتوبر کو بھی جاری رہیگا۔ اجلاس میں سینئر ڈپٹی چیئرمین عبدالرحیم زیارتوال، صوبائی سینئر نائب صدر محمد عیسیٰ روشان، صوبائی سیکرٹری رکن صوبائی اسمبلی نصراللہ خان زیرے، صوبائی ڈپٹی سیکرٹریز ڈاکٹر حامد خان اچکزئی، سید عبدالقادر آغا، فقیر خوشحال کاسی، عبدالمجید خان اچکزئی، سید شراف آغا، علاؤالدین کولکوال، سردار امجد ترین اور خوشحال کاکڑ نے شرکت کی۔

## عقل سے عاری سیاسی قوتیں انتہاپسندوں سے قربت کے چکر میں ہیں، اے این پی

ضلع سوات، وزیرستان، باجوڑ، دیر اور دیگر میں ریاستی رٹ کو سرعام چیلنج کیا جا رہا ہے، مابت کاکا

کوئٹہ (پ ر) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری مابت کاکا نے کہا ہے کہ پشتون خوا اور بلوچستان میں انتہاپسندی دہشتگردی کی حالیہ لہر سے پشتونوں بلوچوں کی احساس بیگانگی احساس محرومی سے بڑھ کر احساس بیزاری کی جانب تیزی سے گامزن ہے ضلع سوات وزیرستان باجوڑ دیر بونیر میں ریاستی رٹ کو سرعام چیلنج کیا جا رہا ہے جبکہ ریاست او حکمران اشرافیہ ان دہشت گردوں سے مذاکرات کر کے شہداء APS سمیت ہزاروں شہدا کے لواحقین کے زخموں پر نمک پاشی کر رہی ہے سانحہ خوست اور عوامی نیشنل پارٹی کے فعال رکن شہید خالقداد بابر کی شہادت سے ضلع ہرنائی کے رہنے والے پرامن غریب پرور شریف النفس شہری تناؤ کا شکار ہے حکومت اور ریاست کی ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ انتہاپسندی دہشت گردی کا قلع قمع کرنے کیلئے کسی بہانے اور حیلے کی تمیز کئے بغیر انتہاپسندانہ دہشت گردانہ رجحانات کی نفی کریں ان خیالات کا اظہار انہوں نے کچلاک میں عوامی نیشنل پارٹی کچلاک کے رہنما حاجی نصرالدین کاکڑ کی قیادت میں وفد سے بات چیت کے دوران کیا عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری مابت کاکا نے کہا کہ ہم شروع دن سے انتہاپسندی اور دہشت گردی کو ملک کی ترقی اور خوشحالی کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ قرار دے چکے بہت سے عاقبت نااندیش اس وقت اے این پی کی پالیسی کو ہدف تنقید بناتے رہے آج بھی عقل سے عاری کچھ سیاسی قوتیں انتہاپسندوں اور دہشت گردوں سے قربت کے چکر میں ہے جس کے نتائج لاحاصل ہوں گے انہوں نے کہا کہ ضلع سوات ضلع وزیرستان ضلع باجوڑ اور ضلع دیر میں شرپسندوں نے حکومت اور ریاست کی رٹ کو چیلنج کر رکھا ہے لیکن اس بار وہاں کے عوام اولسی قوت سے ان انتہاپسندوں اور اس کے پشت پر کھڑے ہونیوالوں کو پہلے سے خبردار کر رہے ہیں انہوں نے کہا کہ گزشتہ ڈیڑھ مہینے سے ضلع ہرنائی کے علاقے خوست میں عوام اپنے جائز مطالبات کے حق میں دھرنا دے رکھا ہے ان مطالبات کے حق میں ایسی جمہوری قوم دوست جماعتوں نے پورے صوبے میں پرامن احتجاج ریکارڈ کرایا خدانخواستہ اگر اولسوں کا جمہوری جدوجہد سے اعتماد کو ٹھیس پہنچتا ہے تو پھر جو راستہ بچتا ہے اس کے نتائج کے ذمہ دار حکمران وقت ہوں گے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 0 2 OCT 2022 Page No. 8

## کلی پائندخان، سٹریٹ کرائمز میں ملوث دوملزمان گرفتار

**ایس ایچ او نور اللہ جمالدینی اور دیگر عملے کی کارروائی، چیئرمین امن کمیٹی کا خراج تحسین**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کلی ملک پائندخان کوئٹہ اور دیگر علاقوں میں کئی روز سے سٹریٹ کرائمز کے واقعات ہورہے ہیں جس پر چیئرمین امن کمیٹی کلی ملک پائندخان کوئٹہ ملک میرو اکس خان نے علاقہ ایس ایچ او نور اللہ جمالدینی سے رابطہ کرتے ہوئے انہیں حالات سے آگاہ کیا جس پر ایس ایچ او نور اللہ جمالدینی نے نوٹس لیتے ہوئے ٹیم کے ساتھ مل کر کارروائی شروع کی اور عین واردات کے موقع پر دوڈاکوؤں کو گن پوائنٹ پر موبائل فون چھینتے ہوئے پکڑ لیا ملزمان محمد سلیم ولد عیسیٰ خان اور خیال محمد ولد دوست محمد کا تعلق خروٹ آباد اور ترخہ سے ہے دریں اثنا چیئرمین امن کمیٹی کلی ملک پائندخان اور دیگر عہدیداروں نے ایس ایچ او نور اللہ جمالدینی کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ وہ آئندہ بھی اسی کارکردگی کا مظاہرہ کرینگے انہوں نے آئی جی پولیس سے اپیل کی کہ دیگر تھانوں میں بھی ایسے ہی متحرک افسران تعینات کئے جائیں۔

MASHRIQ QUETTA

# کراچی میں آپریشن کوئٹہ دھماکے کے ماسٹر مائنڈ داعش کے 2 دہشتگرد ہلاک

**سی ٹی ڈی کی کارروائی پر دہشتگردوں نے فائرنگ کردی، جوابی کارروائی میں 2 مارے گئے، 4 اہلکار شدید زخمی**

**رات گئے شروع ہونیوالا مقابلہ صبح تک جاری رہا، ہلاک دہشتگرد کے قبضے سے بھاری مقدار میں بارود برآمد**

کوئٹہ (مانیٹرنگ ڈیسک) کراچی میں سی ٹی ڈی کا آپریشن ......... بقیہ 41 صفحہ نمبر 9 پر

کوئٹہ دھماکے کے ماسٹر مائنڈ داعش کے 2 دہشتگرد ہلاک، 4 اہلکار زخمی، سی ٹی ڈی حکام کے مطابق کراچی میں سرجانی ٹاؤن کے علاقے تیسر ٹاؤن میں ملزموں کی موجودگی کی اطلاع پر چھاپہ مارا گیا، فائرنگ کے تبادلے میں 2 دہشتگردوں کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا گیا جو ہسپتال منتقل کئے جانے کے دوران دم توڑ گئے، فائرنگ سے 4 اہلکار بھی زخمی ہوئے، ڈی آئی جی سی ٹی ڈی آصف اعجاز شیخ کے مطابق چھاپے کے دوران خاتون اور بچی کو حفاظتی تحویل میں لے لیا گیا، فائرنگ کے تبادلے میں زخمی دونوں سکیورٹی اہلکاروں کی حالت تشویشناک ہے ادھر ذرائع کے مطابق ناردرن بائی پاس کے قریب مقابلے میں ہلاک ہونیوالے دہشتگرد کوئٹہ دھماکے کے ماسٹر مائنڈ نکلے، ذرائع کے مطابق پولیس مقابلے میں مارے جانیوالے دہشتگرد مطلوب ترین تھے اور وہ 2021 میں کوئٹہ میں ہوٹل پر ہونے والے دھماکے کے ماسٹر مائنڈ تھے، دہشتگردوں سے ملنے والا سی 4 ایکسپلوزو بھاری مقدار میں ہے اور مواد سے 5 خودکش جیکٹس بنائی جاسکتی تھیں، ذرائع کے مطابق دہشتگردوں سے گاڑی کے نیچے آئی ای ڈی لگانے والے مقناطیس بھی ملے جو 5 کلو تک کی آئی ای ڈی کا وزن اٹھا سکتے تھے، حساس ادارے اور سی ٹی ڈی اہلکار رات ساڑھے 3 بجے موقع پر پہنچے، علاقے کا گھیراؤ کرکے مقابلہ صبح تک چلتا رہا۔

## نوحصار کے پہاڑوں سے 2 افراد کی لاشیں برآمد، دکی میں ایک جاں بحق

**نامعلوم افراد کی نعشیں شناخت کیلئے مردہ خانے میں رکھ دیں تفتیش جاری**

**دکی ماگی ڈیم علاقے میں ڈاکوؤں نے موٹرسائیکل چھیننے کے دوران گولی ماردی**

کوئٹہ، دکی (سٹی رپورٹر، نامہ نگار) کوئٹہ پولیس کو نوحصار کے علاقے سے 2 نامعلوم افراد کی نعشیں ملی جنہیں ہسپتال منتقل کردیا گیا تفصیلات کے مطابق ......... بقیہ 30 صفحہ نمبر 9 پر

گزشتہ روز نوحصار پولیس کو پہاڑوں سے 2 نامعلوم افراد کی پرانی نعشیں ملیں جنہیں تحویل میں لے کر ہسپتال منتقل کردیا گیا نعشیں ضروری کارروائی کے بعد شناخت کے لئے مردہ خانے میں رکھ دی گئیں مزید کارروائی پولیس کررہی ہے۔ دوسری جانب۔ دکی ڈاکوؤں کی موٹرسائیکل چھیننے کی کوشش مزاحمت پر ڈاکوؤں کی فائرنگ سے نوجوان جاں بحق لیویز ذرائع کے مطابق دکی کے علاقہ ماگی ڈیم کے قریب ڈاکوؤں نے ایک نوجوان سے موٹرسائیکل چھیننے کی کوشش کی مزاحمت پر ڈاکوؤں کی فائرنگ سے موٹرسائیکل سوار اکرم خان ولد محمد رحیم سکنہ تلاو موقع ہی پر جاں بحق ہوگیا جنہیں ہسپتال پہنچا کر ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردیا لیویز تفتیش شروع کردی

## کوسٹ گارڈز کا پسنی میں مکان پر چھاپہ، بھاری مقدار میں غیر ملکی شراب برآمد

گوادر (این این آئی) پاکستان کوسٹ گارڈز کا پسنی ہیرشور میں ایک مکان پر چھاپہ، بھاری مقدار میں غیر ملکی شراب ......... بقیہ نمبر 4 صفحہ 10 پر

برآمد کرلی گئی۔ ذرائع کے مطابق گزشتہ شب پاکستان کوسٹ گارڈز نے پسنی کے وارڈ نمبر 1 ہیرشور میں ایک گھر پر چھاپہ مار کر بڑی مقدار میں شراب برآمد کرلی۔ بتایا جاتا ہے کہ غیر ملکی شراب سمندری راستے سے پسنی پہنچی تھی۔ مزید کارروائی جاری ہے۔

## پنجگور، مسلح افراد نے ایک شخص سے چار لاکھ روپے اور موبائل فون چھین لیا

پنجگور (آن لائن) بلوچستان کے ضلع پنجگور میں نامعلوم مسلح ......... بقیہ نمبر 2 صفحہ 10 پر

افراد شاء اللہ ولد رفیق سکنہ چتکان سے چار لاکھ روپے ایک موبائل فون چھین کر فرار ہوئے پولیس ذرائع کے مطابق ثناء اللہ بینک سے پیسے نکال کر گھر جارہے تھے کہ انہیں غریب آباد چتکان حسین برف فیکٹری کے قریب گلی میں موٹر سائیکل پر سوار مسلح افراد نے انہیں روک کر ان سے پیسے اور موبائل فون چھین کر فرار ہوئے ثناء اللہ کا کہنا ہے کہ مسلح افراد نے مجھے سر پر پتھر مار کر میرے نقدی و موبائل فون چھینے مزید تفتیش پولیس کررہی ہے واضح رہے پنجگور میں گزشتہ ایک دو ماہ کے دوران چوری ڈکیتی میں شدت آئی ہوئی ہے شہریوں میں انتہائی خوف و ہراس پایا جاتا ہے۔

## ڈھاڈر پولیس کی کارروائی، تین روپوش ملزمان گرفتار

نصیرآباد (اے این این) ڈھاڈر پولیس نے خفیہ اطلاع پر کارروائی کرکے تین روپوش ملزمان گرفتار کرلیا تفصیلات کے مطابق ڈی آئی جی نصیرآباد عبدالحئی عامر ......... بقیہ نمبر 9 صفحہ 10 پر

بلوچ کی احکامات پر ڈی پی او کچھی محمد یوسف بنگلزئی کی ہدایت پر ایس ایچ او نذیر احمد سیال کی سربراہی میں پولیس نفری کے ہمراہ خفیہ اطلاع پر مختلف جگہ میں کارروائی کرکے (1) فائق علی (2) اقبال خان (3) گلاب خان کو گرفتار کرلیا گیا جبکہ روپوش ملزمان پولیس تھانہ بھاگ ناڑی کو مطلوب تھے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 02 OCT 2022 Page No. 9


# بلوچستان سمیت ملک کے کچھ حصوں میں غذائی تحفظ کی صورتحال بدتر ہونے کا اندیشہ

بلوچستان، سندھ اور خیبر پختونخوا کے 28 اضلاع میں سڑکوں کی بندش سے خوراک کی رسد متاثر، پیداواری اثاثے ختم، بڑی تعداد میں لوگوں کا ذریعہ معاش متاثر

بڑھتی ہوئی مہنگائی نے گھرانوں کی قوت خرید کو کم کر دیا، خریف سیزن کے لیے اناج، گنا اور کپاس کی بوائی متاثر، چاول کی فصل کو بھی شدید نقصان پہنچا، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) اقوام متحدہ کی آرگنائزیشن برائے خوراک و زراعت (ایف اے او) نے خبردار کیا ہے کہ سیلاب کے منفی اثرات اور بنیادی اشیائے خورونوش، توانائی اور ایندھن کی انتہائی بلند قیمتوں کی وجہ سے پاکستان کے کچھ حصوں میں خوراک کے شدید عدم تحفظ کا خدشہ ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ایف اے او کی جانب سے جاری کردہ فوڈ اینڈ ایگریکلچر پورٹ پر گلوبل انفارمیشن اینڈ ارلی وارننگ سسٹم کے خصوصی الرٹ کے مطابق مقامی غذائی تحفظ کی صورتحال کو بگڑنے سے بچانے کے لیے بین الاقوامی خوراک اور زرعی امداد کی فوری ضرورت ہے بلوچستان، سندھ اور خیبر پختونخوا صوبوں کے 28 غیر محفوظ اضلاع میں شدید غذائی عدم تحفظ کا سامنا کر رہے ہیں تاہم شدید غذائی عدم تحفظ میں کافی حد تک اضافے کی توقع ہے کیونکہ لوگوں کی ایک بڑی تعداد کا ذریعہ معاش متاثر ہوا ہے اور کمزور گھرانے اپنی بنیادی ضروریات کو حاصل کرنے کیلئے اپنے پیداواری اثاثوں کو ختم کرنے پر مجبور ہو گئے ہیں۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ خوراک تک رسائی بدتر ہوتی جا رہی ہے کیونکہ بڑھتی ہوئی مہنگائی نے گھرانوں کی قوت خرید کو کم کر دیا ہے اور اس میں سڑکوں کی بندش اور انفراسٹرکچر کو پہنچنے والے نقصان کی وجہ سے مارکیٹ کی سپلائی میں رکاوٹ نے بھی اپنا حصہ ڈالا سرکاری تخمینوں سے پتا چلتا ہے کہ سیلاب سے متاثرہ علاقہ کل رقبے کا تقریباً 35 فیصد ہے جہاں 2022 کے خریف سیزن کے لیے اناج، گنا اور کپاس کی بوائی کی گئی تھی۔ کپاس اور چاول کی خریف کی فصل کو شدید نقصانات پہنچنے کی اطلاع ملی ہے

# تنخواہوں کی عدم ادائیگی ریلوے ملازمین کا ملک گیر احتجاج کا اعلان

14 اکتوبر کو تمام چھوٹے بڑے اسٹیشنوں پر احتجاج ریکارڈ کروایا جائے گا، ریلوے پریم یونین

حالیہ سیلاب سے ریل انفراسٹرکچر تباہ، وفاقی حکومت بیل آؤٹ پیکیج کا اعلان کرے، شیخ محمد انور

کوئٹہ (آن لائن) ریلوے پریم یونین (سی بی اے) کا تنخواہوں، پنشن اور ریٹائرمنٹ کے واجبات کی عدم ادائیگی کے خلاف ملک گیر احتجاجی مظاہروں کا اعلان تمام چھوٹے بڑے اسٹیشنوں پر پرامن احتجاج ریکارڈ کروایا جائے گا اس بات کا اعلان پریم یونین کے مرکزی صدر شیخ محمد انور چیئرمین ضیاالدین انصاری جنرل سیکرٹری خیر محمد تونیو نے اپنے مشترکہ بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ پریم یونین کے زیر 14 اکتوبر بروز منگل دن گیارہ بجے پاکستان ریلوے کے تمام چھوٹے بڑے اسٹیشنوں پر احتجاج ریکارڈ کروایا جائے گا پریم یونین کے تمام ڈویژنل زونل عہدیدار اور کارکن بھرپور تیاری کے ساتھ تمام محنت کشوں کو ان پروگرامات میں شریک کر کے اس کو کامیاب بنائیں انہوں نے کہا کہ ملازمین کی تنخواہوں میں تاخیر معمول بن چکا ہے جس کی وجہ سے ملازمین کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے حالیہ بارشوں اور سیلاب سے ریلوے کا انفراسٹرکچر بری طرح متاثر ہوا ہے ٹرین آپریشن معطل ہے محکمہ کو روزانہ کروڑوں روپے کے نقصان کا سامنا ہے ملازمین کو تنخواہیں اور پنشنرز کو پنشن کی ادائیگی مشکل ہوگئی ہے۔ لہذا وفاقی حکومت ہنگامی بنیادوں پر محکمہ ریلوے کی مشکلات کو سامنے رکھتے ہوئے بیل آؤٹ پیکیج کا اعلان کرے تاکہ ریلوے اس مشکل حالات سے نکل سکے ریل کا مزدور ٹرین آپریشن کی بحالی کیلئے دن رات کوشاں اور محنت کر رہا ہے انشااللہ جلد ملک بھر میں ٹرین آپریشن بحال ہو جائے گا


MASHRIQ QUETTA


# شمشان گھاٹ میں باقیات کی بے حرمتی ہندو برادری قلات سراپا احتجاج

واقعہ کے خلاف ہندو برادری نے اپنی دکانیں بند کر کے شاہی بازار میں دھرنا دیا' ملزمان کی گرفتاری کا مطالبہ

ضلعی انتظامیہ کے ہندو برادری کے ساتھ کامیاب مذاکرات' ملزمان کی گرفتاری کی یقین دہانی پر مظاہرین منتشر

قلات (نمائندگان مشرق) قلات شمشان گھاٹ میں مبینہ طور پر مرنے والوں کی باقیات کی بے حرمتی کیخلاف ہندو برادری کا شدید احتجاج واقعہ کے خلاف ہندو برادری نے اپنی دکانیں بند کر کے شاہی بازار میں دھرنا دیا ہندو برادری کا کہنا ہے کہ گزشتہ روز اپنی برادری سے تعلق رکھنے والی خاتون کا انتقال ہوا خاتون کے عزیز و اقارب نے شمشان گھاٹ میں مردے کو جلایا اس کی باقیات شمشان گھاٹ میں تھے کہ گزشتہ رات نامعلوم افراد نے شمشان گھاٹ میں جا کر باقیات کو نکال کر باہر پھینک دیا باقیات کی بے حرمتی کی انہوں نے کہا کہ اس سے قبل بھی نامعلوم چوروں نے شمشان گھاٹ کی گیٹ چوری کی تھی جس کی ہم نے ضلعی انتظامیہ سے شکایت بھی کی تھی مگر انتظامیہ نے کوئی کارروائی نہیں کی دوسری جانب ضلعی انتظامیہ کی جانب سے ہندو برادری سے دھرنا ختم کرنے کیلئے مذاکرات کیے جس پر ہندو برادری نے 24 گھنٹے میں ملزمان کی گرفتاری کا مطالبہ کر کے عارضی طور پر احتجاجی دھرنا ختم کر دیا مگر ملزمان کی گرفتاری تک اپنی دوکانیں بند رکھنے کا اعلان کیا ہے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: 92 نیوز کوئٹہ

Bullet No. 6

Dated: 02 OCT 2022 Page No. 10


## کوہلو میں ڈیوائس بم دھماکہ

کوہلو میں دھماکے کے نتیجے میں 2 افراد جاں بحق اور 20 زخمی ہوئے ہیں جبکہ مردان میں خودکش حملہ آور ہدف پر پہنچنے سے قبل ہی دھماکہ سے ہلاک ہوگیا۔ پاکستان انسٹی ٹیوٹ فار کنفلکٹ سٹڈیز کے اعداد و شمار کے مطابق 2021ء میں گزشتہ برس کے مقابلے میں دہشت گردی کے واقعات میں 56 فیصد اضافہ ہوا تھا جو 2020ء سے مسلسل بڑھ رہی ہے۔ دفاعی تجزیہ کاروں کے مطابق پاکستان میں فوجی آپریشنز کے دوران افغانستان فرار ہونے والے دہشت گرد طالبان کے افغانستان میں اقتدار میں آنے کے بعد واپس آرہے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ملک میں دہشت گردی میں اضافہ ہو رہا ہے۔ طالبان کی اپنے علاقوں میں رٹ کمزور ہونے کی وجہ سے شدت پسند نا صرف پاکستان بلکہ افغانستان میں بھی حملے کر رہے ہیں۔ پاک افغان سرحدی باڑ پر سرحد پار سے حملے معمول بن چکے ہیں۔ اس کے علاوہ پاکستان کی سلامتی کے دشمن افغان سرحد کو گرم رکھنے کے ساتھ بلوچ شدت پسندوں کو بھی مالی اور عسکری کمک مہیا کر رہے ہیں۔ کوہلو میں ڈیوائس حملہ اسی سلسلہ کی کڑی اور ثبوت ہے کہ بلوچستان میں دہشت گردوں کو غیر ملکی مدد حاصل ہے۔ بہتر ہوگا حکومت طالبان حکومت کے ساتھ سرحدوں کی حفاظت کے لئے مشترکہ نگرانی کا لائحہ عمل مرتب کرنے کے ساتھ بلوچستان میں غیر ملکی مداخلت کے خاتمے کے لئے موثر اقدامات کرے تاکہ سیلاب سے تباہ بلوچ عوام کو دہشت گردوں کے انتقام سے محفوظ رکھا جاسکے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامه
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Express Quetta

Bullet No. 6

Dated: 02 OCT 2022 Page No. 11

# Priority of addict is to anaesthetize the pain of living

Failure is a detour, not a dead end street; smoking is the first step towards drug addiction. Predictably not less than 6.7 persons in Pakistan are indulged in drug, more or less two million of them are addicts and it is among the highest number of any country in the world. A survey conducted almost a decade before revealing that youngsters from 15 years of age to 50 plus are involved in drug. Balochistan located on the borders of Afghanistan a hub of opium and drugs is directly affected by the menace. Mushrooming growth of drugs in neighboring country and also in various parts of the province is really alarming. Recent steps taken by the Quetta Police are considerably good, but solution of this menace is to cure. Heavy handed use against the drug peddler is reasonable but to curtail the number of drug addicts require different strategy. Need to focus on rehabilitation and psychological therapies. Beyond doubt it is a good step to install police pickets at various points where drug addicts used to gather and the areas notorious for drug sale and supply especially city naala. In order to control the number of drug users it is necessary to establish rehabilitation centers for addicts, NGOs and public involvement in this regard will play a pivotal role in it, because government has lots of challenges and issue is directly affecting society, so it is better to establish new rehab centers because recovery from drug addiction is really challenging. It also requires tremendous amount of resources.

Affluent people must have to come forward, instead of paying alms to addicts better to utilize money for rehabilitation because it is the matter of society and generations. Society also needs to understand that priority of any addict is to anaesthetize the pain of living to ease the passage of day with some purchased relief. Addiction is just a web, a way of trying to reach somewhere else, something bigger or one may call it transcendence, it is a rat in a maze. Everyone wants in our society is in search of peace, the same thing a drug addicts searches, but drug addiction is a trap. Drug addicts do not comes from any other country or from any planet, they are also part of our society, society also needs to understand that drug has a magnetic tendency, and tremendous pressures may catch anyone sooner or later. Addiction is an adaptation. It is not you; it's the cage you live in. You can get the monkey off your back, but the circus never leaves town. Society needs to roll its sleeves up if people roaming around are not mechanical; it is our social obligation to spread awareness about the hazards and challenges facing by the people. Leaving everything on police is not a solution. Strength does not come from physical capacity. It comes from an indomitable will, once you learn to quit it becomes a habit.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامه
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No.________ Dated: 0 2 OCT 2022 Page No.________



گورنر میر جان محمد جمالی اور وزیر صحت سید احسان شاہ کی موجودگی میں بچوں کو ٹائیفائیڈ بیماری کے ٹیکے لگائے جا رہے ہیں



ایچ ڈی پی کے زیر اہتمام یوم یکجہتی ہزارہ قوم کے جلسے سے چیئرمین عبدالخالق ہزارہ، احمد علی کوہزاد، عزیز اللہ ہزارہ و دیگر خطاب کر رہے ہیں